© rasailojaraid.com

## وفیات

# مرزا محمد رفیق بیگ کو صدمہ

مورخہ 7 مئی بروز ہفتہ مرزا محمد رفیق بیگ (نگران شعبہ تعمیر المساجد) کی بیٹی وفات پا گئی۔ انا اللہ وانا الیہ راجعون! جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ رئیس الجامعہ اور مدیر الجامعہ نے سعودی عرب سے واپسی پر مرزا صاحب سے تعزیت کی۔ اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوار رحمت میں جگہ عطا کرے (آمین)

# احسان علی، محمد عرفان اور شوکت علی کو صدمہ

مورخہ 24 مئی بروز بدھ احسان علی اور محمد عرفان (نیو المدینہ ہیئر ڈریسر قبرستان چوک) کی ہمشیرہ اور شوکت علی (ڈھوک جمعہ کریانہ سٹور) کی زوجہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے پڑھائی۔

# مختار احمد شمسی، اسرار احمد شمسی اور رضوان احمد شمسی کو صدمہ

مورخہ 15 اپریل بروز بدھ مختار احمد شمسی اور اسرار احمد شمسی کی ہمشیرہ اور رضوان احمد شمسی کی اہلیہ پشاور میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! مرحومہ بڑی پاکباز، با اخلاق اور پرہیزگار خاتون تھیں۔

ادارہ ''حرمین'' جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکور بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ امین!



© rasailojaraid.com